

قرآن ایجوکیشنل ٹرسٹ
دُعا
عبادت ہے
قرآن انسٹی ٹیوٹ
برائے خواتین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وعن النعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

# الدعاء ھو العبادۃ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

## "دعا ہی عبادت ہے"


(ابوداؤد، ترمذی)


دُعا
عبادت ہے
قرآنی اور مسنون دعائیں
بمعہ اُردو ترجمہ اور مختصر تشریح
قرآن انسٹی ٹیوٹ
برائے خواتین

# عنوانات بمعہ صفحہ نمبر

## قرآنی دعائیں


| | | | |
|---|---|---|---|
| دعا کی فضیلت وآ دابِ دعا | | | 3 |
| دعافلاح | | | 5 |
| دعاقوم طالوت | | | 5 |
| دعابخشش وکامیابی | | | 5 |
| دعاہدایت ورحمت | | | 6 |
| دعاایمان وبخشائش | | | 6 |
| دعاآدم علیہ السلام | | | 7 |
| دعاساحرین فرعون (بعد ایمان) | | | 7 |
| دعاموسیٰ علیہ السلام | 7 | 9 | 11 |
| بنی اسرائیل کی دعا | | | 7 |
| دعایوسف علیہ السلام | | | 8 |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام | | | 8 |
| دعابرائے والدین | | | 8 |
| دعاآنحضرت ﷺ | 8 | 9 | 10 |
| دعااصحاب الکہف | | | 9 |
| دعاایوب علیہ السلام | | | 9 |
| دعازکریا علیہ السلام | | | 10 |
| دعانوح علیہ السلام | | 10 | 13 |
| دعامومنین | | | 10 |
| دعاسلیمان علیہ السلام | | | 11 |
| دعالوط علیہ السلام | | | 11 |
| دعاملائکہ | | | 11 |
| دعامومنین | | | 12 |
| دعاتابعین ابراہیم علیہ السلام | | | 13 |
| دعانوح علیہ السلام | | | 13 |

## مسنون دعائیں


| | |
|---|---|
| سونے کی دعا | 14 |
| بیداری کی دعا | 14 |
| آئینہ دیکھنے کی دعا | 14 |
| نیالباس پہننے کی دعا | 15 |
| گھر سے نکلنے کی دعا | 15 |
| بازار جانے کی دعا | 15 |
| گھر واپسی کی دعا | 16 |
| محبت کے تحفہ کی دعا | 16 |
| ہدیہ دینے والے کو دعا | 16 |
| اہل خانہ کو الوداع کہنے کی دعا | 16 |
| سفر کی دعا | 17 |
| سفر سے واپسی کی دعا | 17 |
| خطابخشی کی دعا | 17 |
| کفارۂ مجلس | 18 |
| بدبختی سے پناہ کی دعا | 18 |
| آندھی چلتے وقت کی دعا | 18 |
| بادلوں کے گرج کے وقت کی دعا | 19 |
| شادی کی مبارکباد پر دعا | 19 |
| دنیاوآخرت کی بھلائی کی دعا | 19 |
| حصول ہدایت | 19 |
| ثبات قلب کی دعا | 20 |
| طلب بھلائی | 20 |
| دعائے عافیت | 20 |
| نیک عمل دیکھ کر | 20 |
| نفس کے شر سے پناہ | 21 |
| توبہ کی دعا | 21 |
| پریشانی کے وقت کی دعا | 21 |
| دعابعد از طعام | 21 |
| میزبان کے لئے دعا | 22 |
| بوقت افطار | 22 |
| زوال نعمت سے پناہ | 22 |
| رنج وغم میں دعا | 23 |
| مصیبت کانعم البدل | 23 |
| مشکلات سے نجات | 23 |
| رَدِّ دعا سے پناہ | 24 |
| دعائے جبریل علیہ السلام | 24 |
| مریض کے لئے دعا | 24 |
| ازالۂ تکلیف | 25 |
| زخم کے لئے دعا | 25 |
| جلے ہوئے کے لئے دعا | 25 |
| افلاس سے پناہ | 26 |
| پیرانہ سالی سے پناہ | 26 |
| حالت بیقراری میں دعا | 26 |
| دشمن سے خوف کی دعا | 27 |
| ادائیگی قرض | 27 |
| تفکرات سے نجات | 27 |
| علم میں اضافہ | 27 |
| عفوودرگزر | 28 |
| نظر بد سے بچاؤ | 28 |
| ہلال دیکھنے کی دعا | 28 |
| شب قدر کی دعا | 29 |
| دین ودنیا کی بھلائی کی دعا | 29 |
| دعائے حاجات | 29 |
| گناہوں سے پناہ کی دعائیں | 30 |
| ہدایت طلب کرنے کی دعا | 31 |
| اللہ سے محبت کی دعا | 31 |
| طلب بھلائی کی دعا | 32 |
| دعائے استخارہ | 32 |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دُعا کی فضیلت وآدابِ دعا

فرمانِ الٰہی:

**وَاِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ، اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ لا فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَo**

(البقرۃ آیت۔۱۸۶)

ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ ”جب سوال کریں میرے بندے تجھ سے میرے بارے میں پس بے شک میں قریب ہوں۔ میں جواب دیتا ہوں ہر پکارنے والے کی پکار کا۔“

اللہ تعالیٰ نے بندے کو اپنی قربت کا احساس دلا کر متوجہ کیا ہے کہ کہیں اور جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ کسی اور دروازے کو کھٹکھٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔ مجھ سے مانگو جو کچھ چاہیے اپنی ضرورت کا سوال لے کر میرے پاس آؤ کیونکہ میں **عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْر** ہوں۔

جس بندے کو رب نے خود مانگنا سکھایا ہو وہ اس کی دعا بھی ضرور قبول فرمائے گا البتہ قبولیت کے انداز مختلف ہو سکتے ہیں اور بسا اوقات انسان کی سمجھ سے باہر۔

فرمایا ربّ العزت نے: **اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَo** (النمل آیت۔۶۲)

”کون بے قرار کی تکلیف دور کرتا ہے جب وہ اس کو پکارتا ہے اور وہی دور کرتا ہے تکلیف۔“

**قَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ**

فرمایا ”تمہارے رب نے مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا تمہارے لئے۔“

فرمایا ربّ العزت نے اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِیْنَ○ (المومن۔۶۰)

''بے شک جولوگ تکبر کرتے ہیں میری بندگی سے عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہونگے۔''

ان آیات سے دعا کی اہمیت واضح ہوتی ہے کہ یہ عمل اللہ کو کتنا پسند ہے۔جب بندہ اپنے رب کے سامنے ہاتھ پھیلاتا ہے تو وہ اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ **مَالِکُ الْمُلْک** وہی ہے داتا بھی وہی ہے فریاد بھی وہی سنتا ہے اور تکلیفوں کو دور کرنے کا اختیار بھی اسی کے پاس ہے۔

فرمانِ رسول ﷺ ہے کہ **الدعا هو العبادة** (یعنی دعا ہی عبادت ہے)۔اور فرمایا جس شخص کو دعا کی توفیق ہوگئی اُس کے لئے قبولیت کے دروازے کھل گئے اور ایک روایت میں ہے کہ جنت کے دروازے کھل گئے اور ایک روایت میں ہے کہ رحمت کے دروازے کھل گئے اور دعا نازل شدہ بلا کے لئے بھی نافع ہے اور اس بلا کے لئے بھی جو ابھی نازل نہیں ہوئی۔بس دعا کر کے خواہ قبول ہو یا قبول ہونا معلوم ہو یا نہ ہو بدگمان نہیں ہونا چاہیے۔

## دعا مانگنے کا طریقہ:

دعا میں عاجزی اور انکساری کا اظہار ہونا چاہیے اور دعا یقین سے مانگی جائے کہ کس سے مانگ رہے ہیں وہ دینے پر قادر ہے۔دعا کو مشروط نہیں کیا جائے کہ تو دے یا نہ دے۔

ذیل کے صفحات میں قرآنی اور مسنون دعائیں اردو ترجمہ اور تشریح کے ساتھ درج ہیں۔یہ دعائیں زبانی یاد کریں اور روزانہ اپنی زندگی میں باقاعدگی سے پڑھیں اللہ تعالیٰ دعائیں مانگنے اور انکے ثمرات حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

قرآن انسٹی ٹیوٹ

(برائے خواتین)

# قرآنی دعائیں

ذیل کے صفحات میں وہ قرآنی دعائیں درج ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو سکھائی ہیں یا جو انبیاءؑ نے رب العالمین سے مانگی تھیں۔

## دعا فلاح

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِo

اے رب ہمارے دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔(اس دعا کی فضیلت اللہ نے خود سکھائی) (جامع دعا ہے) البقرۃ آیت۔۲۰۱

## دعا قوم طالوت

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْراً وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَo

اے ہمارے رب ہم پر صبر کا فیضان کردے اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافر قوم پر ہماری مدد فرما۔
(طالوتؑ کی دعا اس دعا کی بدولت جالوت کے لشکر پر فتح پائی) البقرۃ آیت۔۲۵۰

## دعا بخشش و کامیابی

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفه وَاغْفِرْلَنَا وقفه وَارْحَمْنَآ وقفه اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَo

اے رب ہمارے نہ پکڑ ہم کو اگر بھول جائیں یا خطا کریں ہم۔اے ہمارے رب اور نہ ڈال ہم پر بوجھ بھاری جیسا کہ ڈالا تھا ہم سے پہلے لوگوں پر۔اے ہمارے رب اور نہ ڈال ہم پر وہ بوجھ جس کی طاقت ہم میں نہیں۔اور درگزر کر ہم سے اور بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر تو ہی ہمارا مالک ہے تو غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر۔ البقرۃ آیت۔۲۸۶
(یہ دعا بھی اللہ نے خود تعلیم فرمائی۔یہ دعا عرش کے نیچے لکھی گئی اور معراج کے موقع پر نبی ﷺ کو تحفہ میں دی گئی۔)

## دعا ہدایات ورحمت

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا
مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَةً ج اِنَّکَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○

اے ہمارے رب نہ ٹیڑھا کر ہمارے دلوں کو ہدایت دینے کے بعد اور عطا کر ہمیں اپنی طرف سے رحمت۔ آلِ عمران آیت۔۸

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

اے ہمارے رب بے شک ہم ایمان لائے پس بخش دیجئے گناہ ہمارے بچا لیجئے ہمیں آگ کے عذاب سے۔ (اس دعا کی تعلیم بھی اللہ نے خود فرمائی) آلِ عمران آیت۔۱۶

## دعا ایمان وبخشائش

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ج سُبْحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○
رَبَّنَآ اِنَّکَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهُ ق وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ○
رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّکُمْ فَاٰمَنَّا ق رَبَّنَا
فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ○ رَبَّنَا وَاٰتِنَا
مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِکَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○

اے ہمارے رب نہیں پیدا کیا تو نے سب کچھ بے کار۔ پاک ہے تو بچا لے ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔ اے ہمارے رب بے شک جس کو داخل کیا تو نے آگ میں پس اس کے لئے رسوائی ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔ اے ہمارے رب بے شک ہم نے سُنا ایک پکارنے والے کو وہ ایمان کے لئے پکار رہا تھا کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ۔ پس ایمان لائے ہم۔ اے ہمارے رب ہمارے گناہ بخش دیجئے اور ہماری بُرائیاں ہم سے دور کر دیجئے اور ہمارا خاتمہ نیک لوگوں کے ساتھ کیجئے۔ اے ہمارے رب ہمیں دے جسکا تو نے اپنے رسولوں کے ذریعے ہم سے وعدہ کیا ہے یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ آلِ عمران آیت۔۱۹۱ تا ۱۹۴

(اس دعا کے پڑھنے والوں کی اللہ تعالیٰ نے تعریف فرمائی ہے اور قبولیت کا وعدہ فرمایا ہے۔)

## دعا آدم علیہ السلام

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتہ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا
لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ○

اے ہمارے رب، ہم نے ظلم کیا اپنی جانوں پر اور اگر تو ہمیں نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو ہم نامرادوں میں سے ہو جائیں گے۔ الاعراف آیت۔۲۳

(حضرت آدمؑ کو ان کی اس دعا کی وجہ سے معافی ملی)

## دعا ساحرین فرعون (بعد ایمان)

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ○

اے رب ہمارے، ہم پر صبر کا فیضان کر اور ہمیں فوت کر اس حال میں کہ ہم مسلم ہوں۔ الاعراف آیت۔۱۲۶

(ساحرانِ فرعون کی دعا جب حضرت موسیٰؑ کا معجزہ دیکھ کر ایمان لائے)

## دعاء موسیٰ علیہ السلام

اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ○

تو ہی ہمارا مددگار ہے پس بخش دے ہم کو اور رحم کر ہم پر اور تو سب سے اچھا بخشنے والا ہے۔ الاعراف ۱۵۵

(بنی اسرائیل جنہوں نے اللہ کو دیکھنا چاہا تھا مرنے کے بعد اور اس دعا کی بدولت زندہ ہوئے۔)

## بنی اسرائیل کی دعا

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ○ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ
مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ○

اے رب ہمارے نہ بنا ہمیں فتنہ ظالم قوم کے لئے اور اپنی رحمت کے ساتھ ہمیں کافر قوم سے نجات دے۔ یونس آیت۔۸۵تا۸۶

(بنی اسرائیل کو اس دعا کی بدولت فرعون سے آزادی ملی)

## دعا یوسف علیہ السلام

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وقف اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ ج
تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ o

اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمینوں کے تو ہی ہے رفیق میرا دنیا اور آخرت میں۔ اٹھانا مجھ کو مسلمان اور شامل کرنا مجھے نیکوں کے ساتھ۔ یوسف آیت۔۱۰۱

(یوسفؑ کی آخری دعا، اپنے تمام جاہ وحشمت پر خاتمہ بالخیر ہونے کو ترجیح دی۔)

## حضرت ابراہیم علیہ السلام

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَo

اے رب ہمارے بنا اس شہر کو امن کا شہر اور بچا مجھے اور میری اولاد کو جھوٹے معبودوں کی پرستش سے۔ (حضرت ابراہیمؑ کی مکہ معظّمہ کے بارے میں دعا) ابراہیم آیت۔۳۵

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ق رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِo
رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُo

اے رب میرے کردے مجھے نماز درست رکھنے والا اور میری نسل کو بھی۔ اے رب ہمارے ہماری دعا قبول فرما۔ اے رب ہمارے بخش دینا مجھے اور میرے والدین کو جس دن حساب قائم ہو۔ ابراہیم آیت۔۴۰تا۴۱

(والد کو دین کی دعوت دینے کے بعد حضرت ابراہیمؑ کی دعا)

## دعا برائے والدین

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًاo

اے رب رحم کر میرے والدین پر جیسا کہ انہوں نے مجھے صغرسنی میں پالا۔ بنی اسرائیل آیت۔۲۴

(اللہ تعالیٰ نے اس دعا کا حکم دیا کہ والدین کے لئے ایسے دعا کرو۔)

## دعا آنحضرت ﷺ

رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ

مِنۡ لَّدُنۡکَ سُلۡطٰناً نَّصِیۡرًا ○

اے میرے رب داخل کر مجھے سچائی کے ساتھ اور نکال مجھے سچائی کے ساتھ اور تجویز کر میرے لئے اپنے پاس سے ایک قوت مدد دینے والی۔(اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو یہ دعا ہجرت سے پہلے سکھائی۔) بنی اسرائیل آیت۔۸۰

## دعاء اصحاب الکہف

رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡکَ رَحۡمَةً وَّهَیِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا ○

اے رب ہمارے دے ہمیں اپنے پاس سے ایک رحمت اور سامان کر دے ہمارے لئے کام میں درستگی کا۔ (اصحاب کہف کی دعا جب وہ غار میں آئے۔) الکہف آیت۔۱۰

## موسیٰ علیہ السلام کی دعا

رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ ○ وَیَسِّرۡ لِیۡۤ اَمۡرِیۡ ○

وَاحۡلُلۡ عُقۡدَةً مِّنۡ لِّسَانِیۡ ○ یَفۡقَهُوۡا قَوۡلِیۡ ○

اے رب میرے کھول دے سینہ میرا۔اور آسان کر مجھ پر میرا کام۔اور کھول دے گرہ میری زبان سے کہ میری بات کو لوگ سمجھ سکیں۔ (حضرت موسیٰؑ کی دعا جب انہیں نبوت ملی۔) طٰہٰ۔۲۵ تا ۲۸

## آنحضرت ﷺ کی دعا

رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا ○

اے رب میرے بڑھا مجھے علم میں۔ طٰہٰ آیت۔۱۱۴

(اللہ تعالیٰ نے اس دعا کو پڑھنے کا حکم دیا جب آپ ﷺ وحی کے الفاظ دہراتے تھے تا کہ آپ کو یاد رہے۔)

## دعا ایوب علیہ السلام

اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ○

مجھے لگ گئی ہے بیماری اور تو سب سے بڑا مہربان ہے۔ الانبیاء آیت۔۸۳

(حضرت ایوبؑ کی دعا جب آزمائش کے لئے وہ بیماری میں مبتلا ہو گئے تھے۔)

## دعا زکریا علیہ السلام

رَبِّ لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّ اَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ ۝

اے رب میرے نہ چھوڑ مجھے اکیلا اور تو سب سے اچھا وارث ہے۔ (الانبیاء آیت۔۸۹)

(اس دعا کے طفیل حضرت زکریاؑ کو سو سال کی عمر میں بیٹا نصیب ہوا۔)

## دعا نوح علیہ السلام

رَبِّ اَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَکًا وَّاَنۡتَ خَیۡرُ الۡمُنۡزِلِیۡنَ ۝

اے رب اُتار مجھے مبارک جگہ میں اور تو سب سے بہتر اُتارنے والا ہے۔ (المومنون آیت۔۲۹)

(حضرت نوحؑ کی دعا جب وہ کشتی میں بیٹھے۔)

## دعا آنحضرت ﷺ

رَبِّ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیۡنِ ۝

وَاَعُوۡذُبِکَ رَبِّ اَنۡ یَّحۡضُرُوۡنَ ۝

اے رب میں پناہ چاہتا ہوں تیری شیطانوں کی چھیڑ سے اور پناہ چاہتا ہوں اے رب تیری کہ وہ قریب آئیں۔ (المومنون آیت۔۹۷ تا ۹۸)

## دعا مومنین

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡلَنَا وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ خَیۡرُالرّٰحِمِیۡنَ ۝

اے رب ہم ایمان لائے تو بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے۔ (المومنون آیت۔۱۰۹)

(یہ دعا ربّ العزت نے خود سکھائی)

......☆......☆......☆......

رَبَّنَا اصۡرِفۡ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ق اِنَّ عَذَابَهَا کَانَ غَرَامًا ۝

اے رب ہمارے ٹال دے ہم سے دوزخ کا عذاب۔ کہ اس کا عذاب گلو گیر ہے۔ (الفرقان آیت۔۶۵)

......☆......☆......☆......

**رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعۡیُنٍ وَّاجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِیۡنَ اِمَامًاo**

اے رب ہمارے ہمیں بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور بنادے ہمیں پرہیزگاروں کا امام۔ (الفرقان آیت۔۷۴)

(اللہ تعالیٰ نے ان دونوں دعاؤں کو اپنے خاص بندوں کی دعا فرمایا۔)

## دعا سلیمان علیہ السلام

**رَبِّ اَوۡزِعۡنِیۡۤ اَنۡ اَشۡکُرَ نِعۡمَتَکَ الَّتِیۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنۡ اَعۡمَلَ صَالِحًا تَرۡضٰهُ وَاَدۡخِلۡنِیۡ بِرَحۡمَتِکَ فِیۡ عِبَادِکَ الصّٰلِحِیۡنَo**

اے رب مجھے نصیب کر کہ شکر کروں تیرے احسان کا جو تو نے کیا مجھ پر اور میرے والدین پر اور کروں نیک کام جو تو پسند کرے اور داخل کر دے مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں۔ (النمل آیت۔۱۹)

(حضرت سلیمانؑ کی دعا اختیارات کے حوالے سے۔)

## دعا موسیٰ علیہ السلام

**رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌo**

اے رب میں اس بھلائی کا جو تو میری طرف اُتارے محتاج ہوں۔ (القصص آیت۔۲۴)

(مدین پہنچ کر حضرت موسیٰؑ لیٹ گئے اور یہ دعا فرمائی۔)

## دعا لوط علیہ السلام

**رَبِّ انۡصُرۡنِیۡ عَلَی الۡقَوۡمِ الۡمُفۡسِدِیۡنَo**

اے رب غالب کر مجھے مفسد لوگوں پر۔ (العنکبوت آیت۔۳۰)

(حضرت لوطؑ جب اپنی قوم کی حرکتوں سے دلبرداشتہ ہوئے تب یہ دعا فرمائی۔)

## دعا ملائکہ

**رَبَّنَا وَسِعۡتَ کُلَّ شَیۡءٍ رَّحۡمَةً وَّعِلۡمًا فَاغۡفِرۡ لِلَّذِیۡنَ تَابُوۡا**

وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَکَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ o رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ الَّتِیْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّیّٰتِهِمْ ط اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَکِيْمُ o وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ط وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ط وَذٰلِکَ هُوَا الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ o

اے رب ہمارے محیط ہے ہر چیز پر تیرا رحم اور علم تو بخش دے ان لوگوں کو جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر چلے۔ اور بچا انہیں دوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے اور داخل کر انھیں ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں جنکا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور جو کوئی نیک ہو ان کے آباؤ اجداد اور ان کی بیبیوں اور ان کی اولادوں میں سے بے شک تو زبردست حکمت والا ہے۔ جس کو بچالیا تو نے خرابیوں سے اس دن بے شک تو نے رحم کیا اس پر۔ اور یہ ہی تو ہے بڑی کامیابی۔ (المومن آیت۔ ۷ تا ۹)

(فرشتے مومنین کے لئے دعا کرتے ہیں۔)

## دعا مومنین

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحاً تَرْضٰهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ج اِنِّیْ تُبْتُ اِلَيْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ o

اور صلاحیت دے میری اولاد کو، میں نے تیری طرف رجوع کیا اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔ (الاحقاف آیت۔ ۱۵)

(حضرت ابوبکرؓ کی دعا ہے جسے تعریف کے طور پر اللہ نے قرآن میں رکھی ہے۔)

......☆......☆......☆......

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ج اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ o

اے رب ہمارے کامل کردے ہمارے لئے ہمارا نور اور بخشدے ہمیں کیونکہ تو ہر چیز پر قادر ہے۔ (التحریم آیت۔ ۸)

(اس دعا کو پڑھنے والوں کو قیامت میں نور ملے گا۔)

......☆......☆......☆......

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّکَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌo

اے ہمارے رب بخش دے ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے آگے پہنچے اور نہ بنا ہمارے دلوں میں کدُورت ایمان والوں کے ساتھ۔ اے ہمارے رب بے شک تو بڑا مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔ الحشر آیت۔۱۰

(یہ دعا اللہ نے امت کے متاثرین کو سکھائی۔)

## دعا تابعین ابراہیم علیہ السلام

رَبَّنَا عَلَیْکَ تَوَکَّلْنَا وَاِلَیْکَ اَنَبْنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُo

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ج اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُo

اے رب ہمارے تجھی پر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم رجوع ہوئے تیری ہی طرف ہمیں لوٹنا ہے۔ اے ہمارے رب نہ بنا ہمیں آزمائش ان لوگوں کے لئے جنہوں نے کفر کیا اور بخش دے ہمیں اے ہمارے رب بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ (حضرت ابراہیمؑ کی دعا۔ آزمائش کے وقت) الممتحنۃ آیت۔۴تا۵

## دعا نوح علیہ السلام

اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْo

میں ہارا ہوا ہوں پس تو میرا بدلہ لے لے۔ القمر آیت۔۱۰

(حضرت نوحؑ کو جب اپنی قوم کو دعوت دیتے ہوئے کافی عرصہ گزر گیا تو آپ نے یہ دعا کی۔)

......☆......☆......☆......

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِناً وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط

اے رب بخش دے مجھے اور میرے ماں باپ کو اور جو کوئی میرے گھر میں ایماندار ہو کر داخل ہوئے اور تمام ایماندار مردوں اور عورتوں کو۔ (حضرت نوحؑ کی دعا ہے۔) نوح آیت۔۲۸

# مسنون دعائیں

ذیل کے صفحات میں مسنون دعائیں اردو ترجمہ اور تشریح کے ساتھ درج ہیں۔

## سونے کی دعا

اُم المومنین حضرت حفصہؓ بیان کرتی ہیں کے نبی اکرم ﷺ جب نیند فرمانے لگتے تو اپنا دایاں ہاتھ رخسار مبارک کے نیچے دے لیتے اور تین مرتبہ یہ فرماتے:

**١ . اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیَا**

اے اللہ آپ کے نام کے ساتھ مرتا اور جیتا ہوں۔ (بخاری)

**٢ . اَللّٰھُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْکَ، وَوَجَّھْتُ وَجْھِیْ اِلَیْکَ، وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ، وَاَلْجَاْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْکَ، رَغْبَۃً وَّرَھْبَۃً اِلَیْکَ، لَا مَلْجَا وَلَا مَنْجَا مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ، اٰمَنْتُ بِکِتَابِکَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ، وَبِنَبِیِّکَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ**

اے اللہ میں نے اپنے آپ کو آپ کے سپرد کر دیا اور اپنے چہرے کو آپ کی طرف متوجہ کیا اور اپنے معاملے کو آپ کے حوالے کیا رغبت وخوف کے ساتھ میں نے اپنی پشت کو آپ کی پناہ میں دیا۔ کوئی پناہ کی جگہ نہیں اور کوئی چھوٹنے کا مقام نہیں مگر تیری ہی طرف سے میں تیری اس کتاب پر ایمان لایا جو تو نے اتاری اور اس پیغمبر پر جو تو نے بھیجا۔ (بخاری)

## بیداری کی دعا

رسول ﷺ نے فرمایا: ''جو اس دعا کو سو کر اٹھنے کے وقت پڑھتا رہے گا اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمادے گا خواہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔''

**اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَمَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ**

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں زندگی دی بعد موت کے ہماری۔ (بخاری)

## آئینہ دیکھنے کی دعا

اللہ تعالیٰ سے اچھی صورت کیساتھ اچھی سیرت کی بھی دعا کرنی چاہئے۔ حضور ﷺ آئینہ سے چہرۂ انور

دیکھتے وقت یہ دعا فرماتے تھے۔

**اَللّٰھُمَّ کَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَاَحْسِنْ خُلُقِیْ**

اے اللہ جیسا تو نے مجھے اچھا پیدا کیا ہے مجھ کو پس اچھا کر دے اخلاق کو میرے۔ (طبقات ابن سعد)

## نیا لباس پہننے کی دعا

حضرت معاذ بن انسؓ سے مروی ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا: ''جس آدمی نے نیا لباس پہن کر یہ کہا اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دئے جاتے ہیں''۔

**اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ**

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے پہنایا مجھے یہ اور دیا مجھے سوائے میری طاقت کے اور نہیں تھی قوت اسکی۔ (ابوداؤد)

## گھر سے نکلنے کی دعا

حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا: ''جس نے گھر سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھی تو اسے کہا جاتا ہے کہ تیری کفایت کی گئی، تو بچالیا گیا، تو ہدایت دیا گیا شیطان اس سے دور ہو جاتا ہے'':

**بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ**

ساتھ نام کے اللہ کے میں توکّل کرتا ہوں اللہ پر اور نہیں ہے گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نہ قوت مگر ساتھ اللہ کے۔ (ابوداؤد)

## بازار جانے کی دعا

جو شخص بازار میں داخل ہونے پر یہ پڑھے گا اس کے لئے جنت میں گھر اور لاکھوں نیکیاں ہیں۔

**لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِ وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ**

نہیں کوئی معبود مگر اللہ اکیلا ہے نہیں شریک واسطے اسکے، اس کے لئے بادشاہی ہے اور اس کے لئے تعریف ہے وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے اور وہ زندہ ہے نہیں مرے گا اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ (ترمذی)

## گھر واپسی کی دعا

رسول ﷺ نے فرمایا: ''جب کوئی گھر میں داخل ہوتو یہ کہےاور پھر گھر والوں کوسلام کرے'':

**اَللّٰھُمَ اِنِّی اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلِجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ**

**بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا**

اے اللہ بےشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بھلائی کا داخل ہونے میں اور بھلائی کا نکلنے میں ساتھ نام کے اللہ پلٹنا ہمارا اور ساتھ نام کے اللہ کے داخل ہونا ہمارا اور اللہ پر جو رب ہے ہمارا ہم بھروسہ کرنے والے ہیں۔ (ابوداؤد)

## محبت کے تحفہ کی دعا

حضرت معاذؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: ''اے معاذ! میں تم سے محبت کرتا ہوں'' میں نے عرض کیا ''یارسول اللہ! میں بھی آپ ﷺ سے محبت کرتا ہوں'' آپ ﷺ نے فرمایا ''پس تم کسی نماز کے بعد یہ دعا مت چھوڑنا'':

**اَللّٰھُمَّ اَعِنِّی عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ**

اے اللہ مدد فرما میری اپنے ذکر پر اور اپنے شکر پر اور اپنی عبادت کے بہترین انداز پر۔ (ابوداؤد)

## ہدیہ دینے والے کو دعا

رسول ﷺ نے فرمایا: ''آپس میں ایک دوسرے کو تحفہ دیا کرو اس سے تمہارے اندر محبت بڑھ جائے گی۔''

ام المومنین حضرت عائشہؓ ہدیہ دینے والے کو یہ دعا دیتی تھیں:

**بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ ...... بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ**

برکت دے اللہ اس میں تم کو۔ برکت دے اللہ اس میں تم کو۔

## اہل خانہ کو الوداع کہنے کی دعا

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص سفر پر جانا چاہے وہ اپنے پسماندگان سے مخاطب ہوکر یہ کہے:

**اَسْتَوْدِعُکُمُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا تَضِیْعُ وَدَآئِعُہٗ**

تم سب کو اللہ کے حوالے کرتا ہوں جو نہیں کرے گا ضائع ہلاک کر کے۔ (مسند احمد)

## سفر کی دعا

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ سواری پر بیٹھ کر یہ دعا پڑھتے تھے:

**اَللّٰہُ اَکْبَرُ... اَللّٰہُ اَکْبَرُ ... اَللّٰہُ اَکْبَرُ**

**سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ**

اللہ تعالیٰ بہت بڑا ہے۔اللہ تعالیٰ بہت بڑا ہے۔اللہ تعالیٰ بہت بڑا ہے۔

پاک ہے وہ جس نے مسخر کیا اس سواری کو ہمارے لئے اور نہیں تھے ہم اس کو قابو کرنے والے اور بیشک ہم طرف رب کے اپنے پلٹنے والے ہیں۔ (مسلم)

## سفر سے واپسی کی دعا

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ سفر سے واپسی پر اپنے شہر کے قریب پہنچ کر یہ دعا پڑھتے تھے:

**اٰئِبُوْنَ، تَآئِبُوْنَ، عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ**

پلٹنے والے۔توبہ کرنے والے۔عبادت کرنے والے واسطے رب کے اپنے تعریف کرنے والے۔ (مسلم)

## خطا بخشی کی دعا

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمہؓ کا ورد کر کے یہ دعا پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی تمام خطاؤں کو بخش دے گا، خواہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں'':

**لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ**

**وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ**

نہیں کوئی معبود مگر اللہ اکیلا ہے وہ نہیں شریک واسطے اس کے اسی کے لئے بادشاہی ہے اور اسی کے لئے تعریف اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ (بخاری)

## کفارۂ مجلس

احباب جمع ہوں تو کسی سے غلط بیانی ہو جانا ایک فطری بات ہے۔ اس کے پڑھنے سے مجلس کے چھوٹے گناہ معاف کر دئے جائیں گے۔ نبی ﷺ کفارۂ مجلس کے لئے یہ دعا پڑھتے تھے:

**سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآاِلٰهَ اِلَّااَنْتَ**
**اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَيْکَ**

پاک ہے تو اے اللہ اور ساتھ تعریف کے تیری گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں کوئی معبود مگر تو، بخشش مانگتا ہوں تجھ سے اور توبہ کرتا ہوں تیری طرف۔ ترمذی

## بدبختی سے پناہ کی دعا

دُعا کرنے سے بدبختی بھی خوش بختی میں بدل سکتی ہے بشرط یہ کہ صدقِ مقال و اکلِ حلال کا اہتمام کیا جائے۔ رسول ﷺ بدبختی سے پناہ مانگا کرتے تھے اور یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

**اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْکِ الشَّقَآءِ**
**وَسُوْءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَ عْدَآءِ**

اے اللہ بے شک میں پناہ چاہتا ہوں سخت آزمائش سے اور بدبختی کے پانے سے اور بُری موت سے اور دشمنوں سے شرمندگی سے۔ بخاری

## آندھی چلتے وقت کی دعا

حضرت عائشہؓ روایت کرتی ہیں کہ جب تیز ہوا چلتی تو آپ ﷺ یہ دعا پڑھتے:

**اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَيْرَ هَا وَخَيْرَ مَآ فِيْهَا وَخَيْرَ مَآ اُرْسِلَتْ بِهٖ**
**وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ هَا وَشَرِّمَا فِيْهَا وَشَرِّمَا اُرْسِلَتْ بِهٖ**

اے اللہ بے شک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس بھلائی کا اور بھلائی جو اس میں ہے اور بھلائی جو بھیجی گئی ساتھ اس کے اور پناہ چاہتا ہوں تیری اس کی بُرائی سے اور بُرائی جو اس میں ہے اور بُرائی جو بھیجی گئی اس کے ساتھ۔ مسلم

## بادلوں کے گرج کے وقت کی دعا

بادلوں کی گرج اللہ تعالیٰ کی حمد کیساتھ تسبیح بیان کرتی ہے۔حضرت عبداللہ بن عمرؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول ﷺ جب بادل کی گرج اور بجلی کی کڑک سنتے تو یہ دعا پڑھتے:

**اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِکَ**

اے اللہ نہ تو مار ہمیں غصہ سے اپنے اور نہ تو ہلاک کر ہمیں ساتھ عذاب کے اپنے اور عافیت دے ہمیں پہلے کی طرح۔ (ترمذی)

## شادی کی مبارکباد پر دعا

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضور ﷺ جب کسی کی شادی پر اُسے مبارکباد دیتے تو (خیر اور برکت کی دعا دیتے ہوئے) اس طرح فرماتے:

**بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ وَبَارَکَ عَلَیْکُمَا وَجَمَعَ بَیْنَکُمَا فِیْ خَیْرٍ**

برکت دے اللہ واسطے تیرے اور برکت دے تم دونوں کو اور جمع کرے تم دونوں کو بھلائی پر۔ (ترمذی)

## دنیا و آخرت کی بھلائی کی دعا

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ رسول ﷺ نے فرمایا: ''اذان اور اقامت کے مابین دعا رد نہیں کی جاتی'' صحابہؓ نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ہم کیا مانگا کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''یوں کہا کرو'':

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ**

اے اللہ بے شک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے درگزر کا اور عافیت کا دنیا اور آخرت میں۔ (ترمذی)

## حصولِ ہدایت

تقویٰ، پاک دامنی اور لوگوں سے بے نیازی جیسے اوصاف کیلئے اللہ تعالیٰ سے رجوع کرتے رہنا چاہئے۔ آنحضرت ﷺ حصولِ ہدایت اور اوصافِ حمیدہ کیلئے ان پاکیزہ الفاظ میں رب العالمین سے فریاد کرتے تھے:

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی**

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ہدایت کا اور پرہیزگاری کا اور پاک دامنی کا اور غنا کا۔ (مسلم)

## ثباتِ قلب کی دعا

قلبِ انسان کی کیفیت بدلتی رہتی ہے، اس لئے اس کے صراطِ مستقیم پر قائم رہنے کی دعا کرتے رہنا چاہیے۔
حضرت نواس بن سمعانؓ بیان کرتے ہیں رسول ﷺ ثباتِ قلب کیلئے یہ دعا مانگا کرتے تھے:

**یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰی دِیْنِکَ**

اے دلوں کو پلٹنے والے مضبوط کر دے دل کو ہمارے دین پر۔ (مسند احمد)

## طلبِ بھلائی

گناہوں سے بخشش، رحمتِ الٰہی کا حصول، ہر مصیبت سے عافیت، آفات سے حفاظت، رزقِ حلال کا میسر آنا اور دنیا و آخرت کی تمام کامیابیاں اس دعا میں سمٹ آئی ہیں:

**اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ**

اے اللہ بخشش دے مجھے اور رحم کر مجھ پر اور عافیت دے مجھے اور رزق دے مجھے۔ (مسلم)

## دعائے عافیت

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا:
''جب کسی مصیبت زدہ کو دیکھو تو یہ دعا پڑھو، اس کی برکت سے تم اس بیماری اور بلا سے محفوظ رہو گے۔''

**اَلْحَمْدُلِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ اللّٰہُ بِہٖ**
**وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْراً مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا**

تمام تعریف اللہ کے لئے ہیں جس نے عافیت دی اس چیز سے جو آزمائش میں ڈالا تجھے اللہ نے ساتھ اس کے اور فضل کیا مجھ پر بہت جو کچھ پیدا کیا فضل۔ (ترمذی)

## نیک عمل دیکھ کر

کوئی بھی خوبی یا کامیابی اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہی حاصل ہوتی ہے، اس کا شکر ادا کرتے رہنا چاہیے۔ کوئی

نیک عمل پورا کر کے یا کوئی عمدہ عمل دیکھ کر یہ دعا پڑھیں:

**اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتِ**

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے اپنی نعمت کے ساتھ مکمل کیا تمام بھلائیوں کو۔ (ابن ماجہ)

## نفس کے شر سے پناہ

حضرت حصین بن منذرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسالت مآب ﷺ نے رشد و ہدایت طلب کرنے اور نفس کے شر سے پناہ مانگنے کے لئے مجھے یہ دو باتیں تعلیم دیں اور ارشاد فرمایا: ''یہ پڑھا کرو''

**اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِیْ رُشْدِیْ وَقِنِیْ شَرَّ نَفْسِیْ**

اے اللہ الہام کر دے مجھ پر ہدایت میری اور بچا میرے نفس کو شر سے۔ (ترمذی)

## توبہ کی دعا

اہل ایمان کو توبہ کی طرف توجہ دلاتے ہوئے آپ ﷺ نے فرمایا:

''لوگو! اللہ سے توبہ کرو، میں خود دن میں سو مرتبہ اپنے رب کی طرف توجہ کرتا ہوں'':

**اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ**

بخشش مانگتا ہوں اللہ بڑے سے نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ اور قائم ہے اور توبہ کرتے ہیں طرف اسکے۔ (مسلم)

## پریشانی کے وقت کی دعا

**لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمُ**

**لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ**

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ عظمتوں والے اور حلم والے ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ عرش عظیم کے رب ہیں ان کے سوا کوئی معبود نہیں وہ آسمان کے رب اور زمین کے رب اور معزز عرش کے رب ہیں۔ (متفق علیہ)

## دُعا بعد از طعام

حضرت معاذ بن انسؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''جس نے کھانا کھایا اور یہ کہا، اس کے

سابقہ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے'':

**اَلۡحَمۡدُلِلّٰہِ الَّذِیۡ اَطۡعَمَنَا وَسَقَانَا وَاجۡعَلَنَا مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ**

تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا ہمیں اور بنادے ہمیں فرمانبرداروں میں سے۔ (ابوداؤد)

## میزبان کے لئے دعا

حضرت عبداللہ بن بسرؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ میرے والدین کے ہاں مہمان ٹھہرے اور بعد از تناول روانہ ہونے لگے تو آپ ﷺ نے ہمارے لئے یہ دعا فرمائی:

**اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ لَھُمۡ فِیۡمَا رَزَقۡتَھُمۡ وَاغۡفِرۡلَھُمۡ وَارۡحَمۡھُمۡ**

اے اللہ برکت دے ان کو ان کے رزق میں اور بخش دے ان کو اور رحم کر ان پر۔ (مسلم)

## بوقتِ افطار

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا:

''روزہ دار بوقتِ افطار جو دعا کرتا ہے اسے رد نہیں کیا جاتا۔'' آپ ﷺ یہ دعا مانگا کرتے تھے:

**اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمۡنَا، وَعَلٰی رِزۡقِکَ اَفۡطَرۡنَا، فَتَقَبَّلَ مِنَّآ اِنَّکَ اَنۡتَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ**

اے اللہ تیرے لئے روزہ رکھا ہم نے اور تیرے ہی رزق سے افطار کیا ہم نے پس قبول کر ہم سے بے شک تو سننے والا جاننے والا ہے۔ (بخاری)

## زوالِ نعمت سے پناہ

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر بجالاتے رہنا چاہیے کہ کہیں ناشکری زوالِ نعمت کا باعث نہ بن جائے۔ رسول ﷺ زوالِ نعمت سے پناہ مانگنے کیلئے یہ دعا مانگا کرتے تھے۔

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ زَوَالِ نِعۡمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِکَ وِفُجَاءَ ۃِ نِقۡمَتِکَ وَجَمِیۡعِ سَخَتِکَ**

اے اللہ بے شک میں پناہ چاہتا ہوں تیری، تیری نعمت کے زوال سے اور تیری عافیت کے پلٹ جانے سے اور تیری ناراضگی کے اچانک آجانے سے اور تیرے تمام غصّوں سے۔ (مسلم)

## رنج وغم میں دعا

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ جب کسی رنج وغم میں مبتلا ہوتے تو بارگاہ الٰہی میں یہ دعا فرماتے:

**لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبَّ السَّمٰوٰاتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ**

نہیں کوئی معبود مگر اللہ بردبار باوقار نہیں کوئی معبود مگر اللہ بلند وعظمت والا پاک ہے اللہ رب سات آسمانوں کا اور رب ہے عرش عظیم کا تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں۔ (صحیحین)

## مصیبت کا نعم البدل

اُم المومنین حضرت سلمہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے سنا: ''جس بندۂ مسلم پر مصیبت آئے تو اللہ تعالیٰ اسے مصیبت کا ثواب عطا کرے گا اور اسے نعم البدل عنایت فرمائے گا'':

**اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، اَللّٰهُمَّ اْجُرْنِىْ فِىْ مُصِيْبَتِىْ وَاخْلُفْ لِىْ خَيْرًا مِّنْهَا**

بے شک ہم اللہ کے لئے ہیں اور بے شک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں اے اللہ اجر دے مجھے مصیبت میں اور جانشین بنا میرے لئے بھلائی کو اس کا۔ (مسلم)

## مشکلات سے نجات

بے چینی اور اضطراب عبادت کے خشوع وخضوع میں مخل ہو سکتے ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب کوئی شخص غمگین ہو تو یہ دعا پڑھے'':

**اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِىْ اِلٰى نَفْسِىْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاَصْلِحْ لِىْ شَانِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ**

اے اللہ تیری رحمت کے امیدوار ہیں بس نہ حوالے کر مجھے میرے نفس کے ایک لمحے کے لئے اور اصلاح

کردے میرے تمام معاملات میں نہیں کوئی معبود مگر تو۔ نسائی

## رَدِّ دعا سے پناہ

ایک مومن جہاں دُعا کی قبولیت کے لئے دعا کرے وہاں دعا کے رَدّ کیے جانے سے بھی اللہ کی پناہ مانگے۔

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ قَلْبٍ لَّا یَخْشَعُ، وَدُعَاءٍ الَّا یَسْمَعُ وَمِنْ نَفْسٍ الَّا تَشْبَعُ وَمِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ ھٰٓؤُلَآءِ الْاَ رْبَعِ**

اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری اس دل سے جس میں خوف نہ ہو اور اس دعا سے یہ کہ نہ سُنی جائے اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو۔ اور اس علم سے جو نفع نہ دے پناہ چاہتا ہوں تیری ان چار چیزوں سے۔ ترمذی

## دعائے جبریل علیہ السلام

آپ ﷺ کسی بیمار کے پاس جاتے تو اس دُعا کو پڑھ کر دم کرتے تھے۔ حضرت ابوسعیدؓ روایت کرتے ہیں کہ حضرت جبریلؑ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور پوچھا: ''کیا آپ ﷺ بیمار ہیں؟'' آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں، تو جبریلؑ نے یہ دُعا پڑھی:

**بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُّؤْذِیْکَ وَنَفْسٍ شَرِّکُلِّ شَیْءٍ اَوْعَیْنَ حَاسِدِ اللّٰہُ یَشْفِیْکَ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ**

میں اللہ کے نام سے جھاڑتا ہوں ہر چیز سے جو تکلیف دے تجھے اور نفس کی بڑائی سے یا حسد کرنے والی آنکھ سے اللہ شفاء دے گا تجھ کو ساتھ نام اللہ کے میں جھاڑتا ہوں۔ ابوداؤد

## مریض کے لئے دعا

حضرت ابنِ عباسؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو کسی ایسے مریض کی عیادت کو جائے جس پر آثارِ موت ظاہر نہ ہوئے ہوں تو اس پر سات مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ اللہ تبارک تعالیٰ اُسے تندرست فرمادے گا'':

**اَسْئَالُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ، رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَشْفِیَکَ وَیُعَافِیَکَ**

سوال کرتا ہوں اللہ رب العظیم سے جو رب ہے عرشِ عظیم کا یہ کہ شفاء دے تجھ کو اور عافیت دے تجھ کو۔ ترمذی

## ازالۂ تکلیف

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور اقدس ﷺ کے گھر والوں میں سے جب کوئی تکلیف یا درد میں مبتلا ہوجاتا تو آپ ﷺ یہ دعا پڑھ کر اپنا دایاں دستِ مبارک اس کے جسم پر پھیرتے:

**اَللّٰهُمَّ، رَبَّ النَّاسِ، اَذْهِبِ الْبَأْسَ، وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ، لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا**

اے اللہ لوگوں کے رب بیماری کو دور کردے اور شفاء دے تو شفاء دینے والا ہے نہیں شفاء مگر شفاء تیری شفاء دے اور بیماری کو نہ چھوڑ۔ بخاری

## زخم کے لئے دعا

زخم اور پھنسی چھوٹی ہو یا بڑی، انسان کو ہر پل بے قرار کردیتی ہے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: ''جب کسی شخص کو زخم یا پھوڑا پھنسی کی تکلیف ہوتی تو نبی کریم ﷺ یہ دعا پڑھ کر دم فرماتے'':

**بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا**

ساتھ نام اللہ کے مٹی زمین کی لعابِ دہن ہمارا تاکہ وہ شفاء دے ہماری بیماری کو ساتھ ہمارے رب کے حکم کے۔ بخاری

## جلے ہوئے کے لئے دعا

ہر بیماری کے لئے یہ دعا پڑھ کر دم کرنا خالی از نفع نہ ہوگا۔ اگر کوئی جل جائے تو یہ دعا پڑھنے سے اس کی تکلیف جاتی رہے گی۔ رسول ﷺ نے ایک ایسے ہی صحابی کو یہ دعا پڑھ کر دم کیا تھا۔

**اَذْهَبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ**

لے جا تکلیف کو اے لوگوں کے رب اور شفاء دے تو شفاء دینے والا ہے نہیں شفاء دینے والا کوئی مگر تو۔ مسند احمد

## افلاس سے پناہ

حلال کمائی کی قلت بھی ذلت کا باعث بن سکتی ہے۔ محتاجی اور افلاس سے پناہ مانگنے کے لئے رسول ﷺ اس دعا کو پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْقِلَّۃِ وَالذِّلَّۃِ وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْاُظْلَمَ

اے اللہ بے شک میں پناہ چاہتا ہوں محتاجی سے اور میں پناہ چاہتا ہوں مفلسی سے اور ذلت سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری یہ کہ میں ظلم کروں یا ظلم کیا جاؤں۔ ابوداؤد

## پیرانہ سالی سے پناہ

رسول ﷺ پیرانہ سالی، بزدلی اور بخل سے بچنے کے لئے یہ دعا مانگا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰی اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ

اے اللہ بے شک میں پناہ چاہتا ہوں بزدلی سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری بخل سے اور پناہ چاہتا ہوں میں تیری یہ کہ میں لوٹایا جاؤں طرف نکمّی عمر کے اور پناہ چاہتا ہوں تیری دنیا کے فتنے سے اور آخرت کو عذاب سے۔ بخاری

## حالتِ بیقراری میں دعا

یہ دعا بےقراری اور اور اضطراب کے وقت اطمینان بخشتی ہے۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ جب کسی وجہ سے بیقرار ہوتے تو یہ دعا پڑھتے:

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

اے زندہ اور قائم رہنے والے ساتھ رحمت کے اپنی میری مدد فرما۔ مشکوٰۃ

## دشمن سے خوف کی دعا

حضرت موسیٰؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول ﷺ جب کسی آدمی یا قوم سے اندیشہ محسوس کرتے تو دعا فرماتے تھے:

**اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ**

اے اللہ ہم تجھے ان کے سامنے کرتے ہیں اور پناہ چاہتے ہیں تیری ان کے شر سے۔ (مسند احمد)

## ادائیگی قرض

خاتم النبین رسول ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا: ''یہ دعا پڑھا کرو، اگر تم پر جبل احد کے برابر بھی قرض ہوگا تو اللہ تعالیٰ ادائیگی کے اسباب پیدا فرما دے گا'':

**اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ**

اے اللہ کفایت کر میرے لئے حلال کو اپنے حرام سے اور غنی کر مجھے ساتھ فضل کے اپنے جو اس کے سوا ہے تیرے پاس۔ (ترمذی)

## تفکرات سے نجات

حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ کو جب کوئی فکر دامن گیر ہوتی ہے تو آسمان کی جانب سر اٹھا کر یہ پڑھتے اور جب دعا و گریہ میں انہماک بڑھ جاتا تو فرماتے:

**سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ.......یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ**

پاک ہے اللہ عظمت والا، اے زندہ اے قائم رہنے والے۔ (ترمذی)

## علم میں اضافہ

سرورِ کائنات رسول ﷺ دعا کو علم میں اضافہ کے لئے پڑھتے تھے:

اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَایَنْفَعُنِیْ وَزِدْنِیْ عِلْماً،
اَلْحَمْدُلِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ وَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنْ حَالِ اَھْلِ النَّارِ

اے اللہ فائدہ مند بنا میرے لئے جو سکھایا تو نے مجھے اور سکھا دے مجھے جو فائدہ مند ہو میرے لئے اور اضافہ کر میرے علم میں۔ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں ہر حال میں اور میں پناہ چاہتا ہوں اللہ کی اہل دوزخ کے حال سے۔ (ترمذی)

## عفوو درگزر

نبی اکرم ﷺ سے ایک شخص نے سب سے افضل دعا پوچھی تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ سے عفوو درگزر اور عافیت کا سوال کرنا،۔۔۔اگر تجھے یہ مل گئی تو تم کامیاب ہو'':

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ

اے اللہ بخش دے مجھے اور رحم کر مجھ پر اور ہدایت دے مجھے اور رزق دے مجھے۔ (مسلم)

## نظرِ بد سے بچاؤ

حضرت عبداللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول ﷺ حضرت حسنؓ اور حسینؓ پر یہ دعا پڑھ کر دم کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ اسی دعا سے تمہارے جد امجد ابراہیمؑ خلیل اللہ، اسماعیلؑ اور اسحاقؑ پر دم کرتے تھے:

اُعِیْذُ کُمَا بِکَلِمٰتِ اللہِ التَّآمَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَآمَّۃٍ، وَمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَآمَّۃٍ

میں پناہ چاہتا ہوں جیسا کہ اللہ کے مکمل کلمات ہیں نیز شیطان کی دیوانگی سے اور ملامت کرنے والی آنکھ سے۔ (ترمذی)

## ہلال دیکھنے کی دعا

خوشی کا موقع چاند سے بھی نسبت رکھتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول ﷺ جب نیا چاند دیکھتے تھے تو یہ دعا فرماتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہُ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللہُ

اے اللہ نکال اس چاند کو ہم پر ساتھ امن کے اور ایمان کے اور سلامتی کے، میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔ (ترمذی)

## شبِ قدر کی دعا

قرآنِ کریم میں شبِ قدر کی بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے یہ رات ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ حضرت عائشہؓ نے رسول ﷺ سے دریافت کیا کہ میں شبِ قدر میں کیا پڑھا کروں تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''یہ دعا پڑھا کرو'':

**اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ**

اے اللہ بے شک تو درگزر کرتو درگزر کرنے والوں کو پسند کرتا ہے پس تو ہم سے بھی درگزر فرما۔ (ترمذی)

## دین و دنیا کی بھلائی کی دعا

**اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَاشِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ الْحَیَاةَ زِیَادَةً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ**

اے اللہ میرے اس دین کو درست فرما جو میرے معاملات کی حفاظت کا ذریعہ ہے اس دنیا کی درستی فرما جس پر میرا گزران ہے میری اس آخرت کو درست فرما جہاں میں نے لوٹ کر جانا ہے زندگی کو میرے لیے ہر بھلائی میں اضافہ ذریعہ بنا اور موت کو میرے لیے ہر برائی سے راحت کا سبب بنا۔ (مسلم)

## دعائے حاجات

**اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ**

اے اللہ میں آپ سے وہ چیزیں مانگتا ہوں جو آپ کی رحمت کو لازم کرنے والی ہیں اور ان کاموں کا سوال کرتا ہوں جو تیری بخشش کا تقاضہ کرنے والے ہیں ہر گناہ سے سلامتی چاہتا ہوں اور جنت کی کامیابی اور آگ سے نجات کا آپ سے سوال کرتا ہوں۔ (صحیح علی شرط مسلم)

## گناہوں سے پناہ کی دعائیں

**اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ وَجَھْلِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْ اَمْرِیْ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ جِدِّیْ وَھَزْلِیْ وَخَطَئِیْ وَعَمْدِیْ وَکُلُّ ذٰلِکَ عِنْدِیْ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَاَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَااَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ**

اے اللہ مجھے بخش دے اور میری غلطی اور جہالت اور معاملات میں میرا تجاوز اور وہ بھی بخش دے جسے آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں اے اللہ میرا ارادۃً کیا ہوا اور مذاق کے طور پر کیا ہوا اور غلطی سے کیا گیا اور ارادۃً کیا گیا سب بخش دے اور یہ تمام میری ہی طرف سے ہوئے اے اللہ میرے وہ گناہ بخش دے جو میں نے آگے بھیجے اور جو پیچھے چھوڑے اور اعلانیہ کیے یا خفیہ کیے اور وہ بھی جو آپ مجھ سے زیادہ جاننے والے ہیں آپ آگے بڑھانے والے اور پیچھے ہٹانے والے ہیں اور آپ کو ہر چیز پر قدرت حاصل ہے۔ متفق علیہ

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ وَمِنْ شَرِّ مَالَمْ اَعْمَلْ**

اے اللہ میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس کے شر سے جو میں جانتا ہوں اور اس کے شر سے جو میں نے عمل نہیں کیا۔ مسلم

**اَللّٰھُمَّ لَکَ اَسْلَمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْکَ اَنَبْتُ وَبِکَ خَاصَمْتُ وَاِلَیْکَ حَاکَمْتُ فَاغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ**

اے اللہ میں نے اپنے آپ کو تیرے سپرد کیا اور اور تجھ پر ایمان لایا آپ پر توکل کیا آپ کی طرف میں رجوع کرتا ہوں اور آپ کی طرف ہی میں نے فیصلہ میں رجوع کیا۔ پس تو مجھے بخش دے وہ گناہ جو میں نے آگے بھیجے اور جو پیچھے چھوڑے اور جو ظاہر کیے اور جو مخفی کیے آپ ہی آگے بڑھانے والے اور آپ ہی پیچھے ہٹانے والے ہیں آپ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ متفق علیہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ فِتۡنَةِ النَّارِ وَعَذَابِ النَّارِ
وَمِنۡ شَرِّ الۡغِنٰی وَالۡفَقۡرِ

اے اللہ میں آگ کی آزمائش اور آگ کے عذاب، غنا کے شر اور فقر کے شر سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں۔ (ابوداؤد، ترمذی)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ مُنۡکَرَاتِ الۡاِخۡلَاقِ وَالۡاَعۡمَالِ وَالۡاَهۡوَآءِ

اے اللہ برے اکلاق واعمال اور خواہشات سے میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (ترمذی)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ شَرِّ سَمۡعِیۡ وَمِنۡ شَرِّ بَصَرِیۡ
وَمِنۡ شَرِّ لِسَانِیۡ وَمِنۡ شَرِّ قَلۡبِیۡ وَمِنۡ شَرِّ مَنِیِّیۡ

اے اللہ میں اپنے کان کے شر آنکھ کے شر اپنی زبان کے شر اپنے دل کے شر منی (مادۂ حیات) کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (ترمذی)

## ہدایت طلب کرنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اَلۡهِمۡنِیۡ رُشۡدِیۡ وَاَعِذۡنِیۡ مِنۡ شَرِّ نَفۡسِیۡ

اے اللہ میری ہدایت کا میرے دل میں الہام فرا اور میرے نفس کی شرارت سے مجھے پناہ میں رکھ۔ (ترمذی)

## اللہ سے محبت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنۡ یُّحِبُّکَ وَالۡعَمَلَ الَّذِیۡ یُبَلِّغُنِیۡ
حُبَّکَ اَللّٰهُمَّ اجۡعَلۡ حُبَّکَ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنۡ نَفۡسِیۡ وَاَهۡلِیۡ وَمِنَ الۡمَآءِ الۡبَارِدِ

اے اللہ میں آپ سے آپ کی محبت کا سوال کرتا ہوں اور اس کی محبت کو جو آپ سے محبت کرتا ہو اور اس عمل کی محبت کا جو مجھے آپ تک پہنچادے اے اللہ اپنی محبت کو میری جان، اہل وعیال اور ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ محبوب بنادے۔ (ترمذی)

## طلب بھلائی کی دعا

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ خَیۡرِ مَا سَاَلَکَ مِنۡہُ نَبِیُّکَ مُحَمَّدٌ ﷺ وَاَنۡتَ الۡمُسۡتَعَانُ وَعَلَیۡکَ الۡبَلَاغُ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ**

اے اللہ میں آپ سے وہ بھلائی مانگتا ہوں جو آپ کے پیغمبر محمد ﷺ نے مانگی اور میں آپ سے اس برائی سے پناہ مانگتا ہوں جس سے آپ کے پیغمبر محمد ﷺ نے پناہ مانگی آپ ہی مددگار ہیں اور آپ ہی کفایت کرنے والے ہیں گناہ سے پھرنا اور نیکی کی قوت بھی آپ ہی کی مدد سے ہوسکتی ہے۔ (ترمذی)

## دعائے استخارہ

حضرت جابرؓ کا بیان ہے نبی ﷺ جس طرح ہمیں قرآن پڑھایا کرتے تھے اسی طرح ہر کام میں استخارہ کرنے کی بھی تعلیم دیتے تھے۔ فرماتے جب تم میں سے کوئی کسی اہم معاملے میں فکرمند ہو تو وہ دو رکعت نفل پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے۔ (بخاری)

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡتَخِیۡرُکَ بِعِلۡمِکَ وَ اَسۡتَقۡدِرُکَ بِقُدۡرَتِکَ وَاَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ الۡعَظِیۡمِ فَاِنَّکَ تَقۡدِرُ وَلَآ اَقۡدِرُ وَ تَعۡلَمُ وَلَآ اَعۡلَمُ وَاَنۡتَ عَلَّامُ الۡغُیُوۡبِ اَللّٰھُمَّ اِنۡ کُنۡتَ تَعۡلَمُ اَنَّ ھٰذَا الۡاَمۡرَ** (یہاں اپنی حاجت کا نام لے کر اسے بیان کریں یا حاجت کا تصور کریں) **خَیۡرٌ لِّیۡ فِیۡ دِیۡنِیۡ وَ مَعِیۡشَتِیۡ وَ عَاقِبَۃِ اَمۡرِیۡ فَاقۡدِرۡہُ لِیۡ وَیَسِّرۡہُ لِیۡ ثُمَّ بَارِکۡ لِیۡ فِیۡہِ وَاِنۡ کُنۡتَ تَعۡلَمُ اَنَّ ھٰذَا الۡاَمۡرَ شَرٌّ لِّیۡ فِیۡ دِیۡنِیۡ وَمَعِیۡشَتِیۡ وَعَاقِبَۃِ اَمۡرِیۡ فَاصۡرِفۡہُ عَنِّیۡ وَاصۡرِفۡنِیۡ عَنۡہُ وَاقۡدُرۡ لِیَ الۡخَیۡرَ حَیۡثُ کَانَ ثُمَّ اَرۡضِنِیۡ بِہٖ**

# تعارف قرآن انسٹی ٹیوٹ (برائے خواتین)

- ☆ خواتین اور لڑکیوں کی بہترین اسلامی تربیت اور قرآنی تعلیمات کے فروغ کیلئے قرآن انسٹی ٹیوٹ ایجوکیشنل ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام یکم مئی 2000ء کو قرآن انسٹی ٹیوٹ (برائے خواتین) کے نام سے یہ ادارہ قائم ہوا۔
- ☆ قرآن انسٹی ٹیوٹ میں علوم القرآن کے حوالے سے مختلف نوعیت کے کورسز جس میں دوسالہ کورس ایک سالہ، ششماہی، سہہ ماہی کورس، ٹیچر ٹریننگ کورس کامیابی کے ساتھ جاری ہیں۔ ان تمام کورسز میں ترجمہ القرآن، حدیث النبوی ؐ، فقہ اسلامی، عربی گرامر، تجوید وقرآت، اسلامک لٹریچر اور دیگر اسلامی موضوعات پر مشتمل تحقیقی لیکچرز کے ذریعہ علوم القرآن کو عام فہم کرنے کی کوشش کیجاتی ہے۔
- ☆ تمام کورسز کیلئے اعلیٰ تعلیم یافتہ ماہر و مستند اساتذہ کا انتظام ہے
- ☆ تفسیر القرآن، احادیث نبویؐ اور اسلامی کتب پر مشتمل کتب سے مزیّن لائبریری
- ☆ قرآنی کلاسز، لیکچر سیریز اور ازکار مسنونہ کے ذریعہ تسکین قلبی کا سامان
- ☆ اخلاقی و تربیتی عنوانات پر مشتمل اسٹڈی سرکل اور گروپ ڈسکشن کا اہتمام

## اغراض ومقاصد

- ☆ دنیا اور آخرت میں کامیاب زندگی کے لئے قرآن وسنت سے رہنمائی حاصل کرنا
- ☆ فرقہ واریت اور تعصب سے بالاتر ہوکر پاکیزہ معاشرہ کی تیاری اور دیگر دینی ورفاہی اداروں سے تعاون اور ایثار ومحبت کے جذبات کوفروغ دینا
- ☆ خواتین کو قرآن وسنت کا مستند علم فراہم کر کے تحقیقی میدان میں خواتین اسکالرز تیار کرنا
- ☆ اسلامی تعلیمات کے فروغ کیلئے درس وتدریس اور اشاعت کے جدید ذرائع سے استفادہ کرنا
- ☆ نادار اور مستحق طالبات کی اخلاقی اور تعلیمی مدد کے ذریعہ حصول علم کے مواقع مہیا کرنا

زیرِاہتمام : **قرآن انسٹی ٹیوٹ (برائے خواتین)**

دارالخیر A-76۔ ٹیپو سلطان روڈ۔ کراچی۔ فون : 34541144 - 0334-3938200 فیکس : 34543443

# قرآن انسٹی ٹیوٹ کی پیشکش

### سورۃ البقرہ
ترجمہ، قوائد عربی، تجوید اور
فہم کے نکات نوٹ کرنے کیلئے
مناسب گنجائش کے ساتھ

### سورۃ آلِ عمران و سورۃ النسآء
ترجمہ، قوائد عربی، تجوید اور
فہم کے نکات نوٹ کرنے کیلئے
مناسب گنجائش کے ساتھ

### سہ ماہی کورس
قرآن مجید کے مختلف حصّوں پر مشتمل کورس
ترجمہ، قوائد عربی، تجوید اور فہم کے نکات نوٹ
کرنے کیلئے مناسب گنجائش کے ساتھ

### جنت کے پھول
چالیس مختصر احادیث رسولؐ اور روزمرہ
پڑھی جانے والی دعاؤں کا حسین مجموعہ
(شاهین ضیاء)

### دنیا کے کانٹے
انسانی زندگی کو دنیا کے مسائل سے بچانے
کے مسنون طریقے کا پرخلوص مجموعہ
(شاهین ضیاء)

### سوئے حرم ڈائری
حجاج کرام کیلئے تزکیہ اور رہنمائی کی
پرخلوص کوشش
(شاهین ضیاء)

### میرا لباس
قرآن وسنت کی روشنی میں لباس کے
متعلق رہنما کتابچہ
(صبا جاوید)

### شادی مبارک
شادی کے موقع پر غیر شرعی
رسومات سے بچنے کیلئے مفید کتاب
(صبا جاوید)

### My Dress
انگریزی زبان میں
قرآن وسنت کی روشنی میں لباس کے
متعلق رہنما کتابچہ

### خذینۃ الحدیث
خواتین اور لڑکیوں کی تربیت کے لئے
منتخب احادیثِ رسولؐ کا مجموعہ
(انتظامیہ قرآن انسٹی ٹیوٹ)

### علم اصولِ حدیث
حدیث کا تعارف، اقسام، اہمیت اور
ضرورت پر عام فہم کتابچہ
(انتظامیہ قرآن انسٹی ٹیوٹ)

### قواعد علم التجوید
ناظرہ قرآن کی درستگی کے لئے علم التجوید
کے مختصر قواعد
(انتظامیہ قرآن انسٹی ٹیوٹ)

### دعائے مضطرب
پریشان کن حالات میں اللہ سے مدد مانگنے
کیلئے قرآن وسنت کی دعاؤں کا نصاب
(انتظامیہ قرآن انسٹی ٹیوٹ)

### سمر کیمپ ڈائری
بچوں اور بچیوں کیلئے
گرمیوں کی چھٹیوں کا خاص تحفہ
(شاهین ضیاء)

### پاکٹ سائز کے کارڈ
- رمضان المبارک میں
- حج وعمرہ کے موقع پر
- کسی کے انتقال کے موقع پر

پڑھی جانے والی دعائیں

### Thorns of this World
انگریزی زبان میں
انسانی زندگی کو دنیا کے مسائل سے بچانے
کے مسنون طریقے کا پرخلوص مجموعہ

### Happy Marriage
انگریزی زبان میں
شادی کے موقع پر غیر شرعی
رسومات سے بچنے کیلئے مفید کتاب

### سی ڈیز
- حرم کا کبوتر
- جنت کے پھول
- اُمت محمد ﷺ کی فریاد

ملنے کا پتہ
**قرآن انسٹی ٹیوٹ** (برائے خواتین)
دارالخیر 76-A۔ ٹیپو سلطان روڈ۔ کراچی۔ فون: 34541144 - 0334-3938200 فیکس: 34543443